# ہدایات برائے بارہویں جماعت

## حصہ اول معروضی کل نمبر20

سوال نمبر1: زبان شناسی تنقید اور استحسان وغیرہ کے حاصلات تعلم جو قومی نصاب 2006 برائے بارہویں جماعت میں شامل ہیں، کے مطابق 20 کثیر الانتخابی سوالات دیے جائیں گے۔

## حصہ دوم کل نمبر36

**سوال نمبر2: جزوالف حصہ نثر 15=3x5**

نثری عبارت یا اقتباس کی طوالت 150 سے 200 الفاظ کو محیط ہوگی جو کہ بارہویں جماعت کی ذہنی سطح کے مطابق ہونی چاہیے۔ اس عبارت سے بارہویں جماعت کے حاصلات تعلم کے روشنی میں 05 سوالات بنائے جائیں گے یہ عبارت قومی نصاب 2006 برائے بارہویں جماعت میں شامل مصنفین کی تحریروں سے دی جائے گی تاہم یہ بات ملحوظ خاطر رکھی جائے کہ اس میں کوئی بات جملہ یا لفظ ایسا نہ ہو جس سے کسی قسم کی اخلاقی، معاشرتی، مسلکی یا مذہبی منافرت پھیلنے یا کسی قسم کی دل آزاری ہونے کا اندیشہ ہو۔

**جزو ب حصہ نظم 9=3x3**

اس حصہ میں دیے گئے نظمیہ بند یا اشعار قومی نصاب 2006 برائے بارہویں جماعت میں شامل شعراء کی نظمیہ شاعری سے لیے جائیں گے۔ تاکہ حاصلات تعلم کی روشنی میں تین سوالات بنائے جاسکیں۔ نظمیہ اشعار یا نظم پارے کے انتخاب میں یہ بات لازماً ملحوظ خاطر رکھی جائے کہ اس میں کوئی بات یا لفظ ایسا نہ ہو جس سے کسی قسم کی اخلاقی، معاشرتی، مسلکی یا مذہبی منافرت پھیلنے یا کسی قسم کی دل آزاری ہونے کا اندیشہ ہو۔

**جزو ج حصہ غزل 2x3=6**

اس حصہ میں بارہویں جماعت کی ذہنی سطح کے غزلیہ اشعار دیئے جائیں گے جن سے 02 سوالات بنائے جائیں گے۔ یہ غزلیہ اشعار قومی نصاب 2006 برائے بارہویں جماعت میں شامل شعرا کی غزلیات سے دیئے جائیں گے ان غزلیہ اشعار میں یہ بات لازماً ملحوظ

خاطر رکھی جائے کہ اس میں کوئی بات یا لفظ ایسا نہ ہو جس سے کسی قسم کی اخلاقی، معاشرتی، مسلکی یا مذہبی منافرت پھیلنے یا کسی قسم کی دل آزاری ہونے کا اندیشہ ہو۔

**جزو د حصہ قواعد 2x3=6**

اس حصے میں قومی نصاب 2006 برائے بارہویں جماعت میں شامل زبان شناسی، استحسان اور تنقید کی مہارت اور ذیلی مہارتوں کے حاصلات تعلم کا احاطہ کرنے والے کوئی سے بھی 2 سوالات دیے جائیں گے۔

## حصہ سوم کل نمبر 44

**سوال نمبر 3:** اس سوال میں مناسب طوالت کی ایک ایسی دو عبارت یا اقتباسات دیے جائیں گے جن میں کم از کم چھ سے آٹھ وضاحت طلب نکات ہوں۔ بارہویں جماعت کے ذہنی سطح کی یہ عبارات یا اقتباسات قومی نصاب 2006 برائے بارہویں جماعت میں شامل مصنفین کی تحریروں سے ہوں گے جن کے لیے یہ بات لازماً ملحوظ خاطر رکھی جائے کہ اس میں کوئی بات، جملہ یا لفظ ایسا نہ ہو جس سے کسی قسم کے اخلاقی، معاشرتی، مسلکی یا مذہبی منافرت پھیلنے یا کسی قسم کی دل آزاری ہونے کا اندیشہ ہو۔ **6 نمبر**

**سوال نمبر 4:** اس سوال میں قومی نصاب 2006 برائے بارہویں جماعت میں شامل شعرا کی نظمیہ شاعری سے بارہویں جماعت کی ذہنی سطح کے زیادہ سے زیادہ تین تین اشعار پر مشتمل دو نظم پارے دیے جائیں گے۔ ان نظم پاروں میں یہ بات لازماً ملحوظ خاطر رکھی جائے کہ اس میں کوئی بات، یا لفظ ایسا نہ ہو جس سے کسی قسم کی اخلاقی، معاشرتی، مسلکی یا مذہبی منافرت پھیلنے یا کسی قسم کی دل آزاری ہونے کا اندیشہ ہو۔ **6 نمبر**

**سوال نمبر 5:** اس سوال میں قومی نصاب 2006 برائے بارہویں جماعت میں شامل شعراء کی نظمیہ شاعری سے بارہویں جماعت کی ذہنی سطح کی زیادہ سے زیادہ تین تین اشعار پر مشتمل دو نظم پارے دیے جائیں گے غزلیہ اشعار میں یہ بات لازماً مرحوظ خاطر رکھی جائے کہ ان میں کوئی بات، یا لفظ ایسا نہ ہو کہ اس سے کسی قسم کی اخلاقی معاشرتی مسلکی یا مذہبی منافرت پھیل لیں یا کسی قسم کی دل آزاری کا اندیشہ ہو۔ **9 نمبر**

**سوال نمبر 6:** کسی بے جان جیز مثلاً کرسی، کوٹ، کمپیوٹر، پرانا نوٹ وغیرہ پر آپ بیتی، مفصل روداد یا آنکھوں دیکھا حال یا عملی زندگی کے مسائل کے حوالے سے متعلقہ اداروں یا دفاتر کو درخواست بھی لکھنے کو آسکتی ہے۔ **8 نمبر**

**سوال نمبر7:** سائنسی، ادبی، پاکستانیات اور حالات حاضرہ کے تناظر میں ایک ایک مضمون دیا جائے گا یعنی کل چار مضمون ہوں گے جن میں سے کسی ایک موضوع پر مضمون لکھنا ہو گا۔ **15 نمبر**

نوٹ: پرچے میں سوالات کے Cognitive domain کی شرح تقریباً یوں ہو گی سمجھنا٪50 فیصد، یاد میں لانا٪30 اور لاگو کرنا٪ 20۔ ماڈل پرچے میں پوچھے گئے سوالات سے ہم آہنگ دیگر SLOs اور مہارتوں سے بھی سوالات پوچھے جا سکتے ہیں۔

FEDERAL BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION ISLAMABAD

| Version No. | | | |
|---|---|---|---|
| 0 | 0 | 0 | 0 |
| 1 | 1 | 1 | 1 |
| 2 | 2 | 2 | 2 |
| 3 | 3 | 3 | 3 |
| 4 | 4 | 4 | 4 |
| 5 | 5 | 5 | 5 |
| 6 | 6 | 6 | 6 |
| 7 | 7 | 7 | 7 |
| 8 | 8 | 8 | 8 |
| 9 | 9 | 9 | 9 |

| ROLL NUMBER | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| 1 | 1 | 1 | 1 | 1 | 1 | 1 |
| 2 | 2 | 2 | 2 | 2 | 2 | 2 |
| 3 | 3 | 3 | 3 | 3 | 3 | 3 |
| 4 | 4 | 4 | 4 | 4 | 4 | 4 |
| 5 | 5 | 5 | 5 | 5 | 5 | 5 |
| 6 | 6 | 6 | 6 | 6 | 6 | 6 |
| 7 | 7 | 7 | 7 | 7 | 7 | 7 |
| 8 | 8 | 8 | 8 | 8 | 8 | 8 |
| 9 | 9 | 9 | 9 | 9 | 9 | 9 |

**Answer Sheet No.____________**

**Sign. of Candidate___________**

**Sign. of Invigilator___________**

# اردو (لازمی) برائے بارھویں جماعت

ماڈل سوالیہ پرچہ (کریکلم 2006ء)

حصہ اوّل (کل نمبر: 20، وقت: 25 منٹ)

حصہ اول لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ **لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔**

**سوال نمبر 1:** ہر جزو کے سامنے دیے گئے درست دائرہ کو پر کریں۔

(1) موتی سمجھ کر شانِ کریمی نے چن لیے　　قطرے جو تھے مرے عرقِ انفعال کے

علم بیان کی رو سے موتی کو کیا کہیں گے؟

(A) کنایہ ☐　　(B) تشبیہ ☐

(C) استعارہ ☐　　(D) مجاز مرسل ☐

(2) "قصص الہند" بک۔۔۔۔۔؟

(A) گئے ☐　　(B) گیا ☐

(C) گئیں ☐　　(D) گئی ☐

(3) درج ذیل میں سے رابطہ کی علامت کی نشاندہی کریں؟

(A) : ☐　　(B) " ☐

(C) ! ☐　　(D) ( ☐

(4) کسی بات کی حقیقی وجہ کی بجائے کوئی شاعرانہ وجہ بیان کرنا علم بدیع کی رو سے کیا کہلاتا ہے؟

(A) مراعاۃ النظیر ☐　　(B) لف و نشر ☐

(C) حسنِ تعلیل ☐　　(D) مبالغہ آرائی ☐

(5) بعض اوقات اصل فعل کو اپنا مطلب واضح کرنے کے لیے کس کی ضرورت ہوتی ہے؟

(A) مرکب جملہ ☐　　(B) معاون فعل ☐

(C) مرکب ناقص ☐　　(D) فعل حال ☐

(6) زندگی کے عیوب ونقائص اور ماحول کی ناہمواریوں اور خامیوں کو مزاحیہ انداز میں پیش کرنا کہ بُرا بھی نہ لگے کیا کہلاتا ہے؟

(A) تنقید ☐ (B) فکاہیہ کالم ☐
(C) طنز ◯ (D) رپورٹ ◯

(7) "زندگی چار دن کی ہے" علم بیان کی رو سے کیا ہے؟

(A) مجاز مرسل ☐ (B) کنایہ ☐
(C) استعارہ ◯ (D) تشبیہ ◯

(8) رمز سے کیا مراد ہے؟

(A) ٹھہرنا ☐ (B) جانا ☐
(C) واضح کرنا ◯ (D) اشارہ ◯

(9) کسی شخصیت کا ایک مختصر اور ہلکا ادبی تعارف نامہ کیا کہلاتا ہے؟

(A) ادبی مضمون ☐ (B) خاکہ ☐
(C) سوانح ◯ (D) خودنوشت ◯

(10) وہ علم جس میں کلام کی خوبیوں پر بحث کی جائے کیا کہلاتا ہے؟

(A) صنائع ☐ (B) علم بیان ☐
(C) علم بدیع ◯ (D) قواعد ◯

(11) "میں تمھارے گھر نہیں آسکتا کیونکہ وہ میرے راستے پر نہیں۔" یہ مرکب جملے کی کونسی قسم ہے؟

(A) استدراکی جملہ ☐ (B) سببی جملہ ☐
(C) وصفی جملہ ◯ (D) تمیزی جملہ ◯

(12) استعارے کے ارکان میں کیا نہیں ہوتا؟

(A) مستعار لہ ☐ (B) مستعار منہ ☐
(C) وجہ جامع ◯ (D) وجہ شبہ ◯

(13) نظام برق لیا واپڈا نے جب سے ہاتھوں میں "پھر اس کے بعد چراغوں میں روشنی نہ رہی"

اس شعر میں کس صنعت کا استعمال کیا گیا ہے؟

(A) حسنِ تعلیل ☐ (B) تفریق ☐
(C) تضمین ◯ (D) ایہام ◯

(14) "کوئی تیرا خریدار ہے کوئی میرا طلبگار ہے" یہ جملہ نثر کی کونسی قسم ہے؟

(A) مسجّیٰ ☐ (B) مرصع ☐
(C) سلیس ☐ (D) مقفیٰ ☐

(15) ایسی نظم جس میں وزن اور بحر کے ساتھ ساتھ قافیہ اور بسا اوقات ردیف کی پابندی کی جائے کیا کہلاتی ہے؟

(A) پابند نظم ☐ (B) نظم مصریٰ ☐
(C) آزاد نظم ☐ (D) سانیٹ ☐

(16) "جہاں میں تم آئے تھے کیا کر چلے

اس مصرعے میں قواعد کی روسے "جہاں" سے کیا مراد ہے؟

(A) تشبیہ ☐ (B) استعادہ ☐
(C) مجاز مرسل ◯ (D) کنایہ ◯

(17) چھ گلاس، دو کپ اور چار پلیٹیں ـــــــــ فعل اور فاعل کی مطابقت کے حوالے سے درست لفظ کی نشاندہی کریں ؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | ٹوٹ گیئں | (B) | ٹوٹ گئی |
| (C) | ٹوٹ گیا | (D) | ٹوٹ گئے |

(18) "فلائنگ کوچ" وضعی اور مخصوص معنوں کے لحاظ سے کیا ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | استعارہ | (B) | مجاز مرسل |
| (C) | سلینگ | (D) | تضمین |

(19) جب کسی کی توجہ حاصل کرنا مقصود ہو تو کونسی علامت استعمال کی جاتی ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | سکتہ | (B) | واوین |
| (C) | ندائیہ | (D) | خط |

(20) غزل میں موجود آخری مطلع کیا کہلاتا ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | مطلع ثانی | (B) | مطلع ثالث |
| (C) | مقطع | (D) | حسنِ مطلع |

## فیڈرل بورڈ امتحان برائے بارہویں جماعت
## اردو (لازمی) ماڈل سوالیہ پرچہ (کریکلم 2006)

وقت: 2:35 گھنٹے

کل نمبر: 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم میں دیے گئے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

### حصہ دوم (کل نمبر 36)

سوال نمبر2: (الف) حصہ نثر:

**پیراگراف پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں:** (5x3=15)

پچھواڑے شاہ گنج کی گلی میں دھوبی ٹھلیا اور چمٹا بجا کر کبیرؔ اور تلسیؔ کے دوہے گاتے، تو ہم کان لگا کر نہ سن سکتے کہ ہمارے سامنے ایشیا اور اس کی وسیع چراگاہوں کے نقشے پھیلے ہوئے ہیں پھر پانی پت اور دکن کے میدانوں میں رن پڑے ہوا کرتے اور ہم ایسٹ انڈیا کمپنی، لارڈ کلائیو اور کارنوالس کے ہم قدم تاریخ کی شاہراہ پر چہل قدمی کر رہے ہوتے۔ زندگی میں کونسا موسم ایسا نہیں آتا کہ جب فضا میں جلترنگ نہ بج رہے ہوں، فاختائیں نہ کوکتی ہوں، الغوزوں اور بانسری کی تانیں نہ لہراتی ہوں، مگر امتحان۔ امتحان تو ہمیں اعشاری کسور، سودی نظام اور A+B کے چکر سے نکلنے ہی دیتے۔ وقت اور زمانے سے ہمارے رابطے ٹوٹ رہے تھے البتہ لالُو، لالُو کی بات اور تھی۔ گود کا بچہ سو رہا ہوتا تو خود اس کے نزدیک زندگی کا مقصد نہ رہتا۔ بڑی الکسی سے انگلیاں چٹخاتا اور دانت بھینچ کر گنگنایا کرتا۔

زندگی ہے پیار سے، پیار میں بتائے جا

وہ واقعی زندگی اور دھرتی کے رنگوں سے پیار کرتا، نیلے آسمان اور قوسِ قزح سے رابطہ قائم رکھتا اسے پتا ہوتا، آسمان پر کالی ٹانگوں اور سفید پروں والے بگلوں کی قطار میں آج کتنے بگلے تھے، آنگن میں کتنی لم ڈوریں اور گول آنکھوں والی ڈومن چڑیاں اُتریں۔

**سوالات:**

i. تاریخ کی شاہراہ پر مصنفہ کے ہم سفر کون تھے؟

ii. ہمارے سامنے ایشیا اور اس کی وسیع چراگاہوں کے نقشے پھیلے ہوئے ہیں۔ اس جملے کی وضاحت کریں۔

iii. اس پیراگراف کی تلخیص کریں۔

iv. مصنفہ کبیرؔ اور تلسیؔ کے دوہے کیوں نہیں سن سکیں؟ **یا** بقول مصنفہ وہ کس چکر سے نہیں نکل سکیں؟

v. مصنفہ کے وقت اور زمانے سے رابطے ٹوٹنے سے کیا مراد ہے؟ **یا** لالو کا زندگی سے تعلق مصنفہ نے کس انداز میں بتایا؟

(ب) حصہ نظم:

**مندرجہ ذیل اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں:** (3 x3=9)

یہی عادت ہے روزِ اولیں سے ستاروں کی — چمکتے ہیں کہ دُنیا میں مسرت کی حکومت ہو
چمکتے ہیں کہ انساں فکرِ ہستی کو بُھلا ڈالے — لیے ہے یہ تمنا ہر کرن ان نور پاروں کی
کبھی یہ خاک داں گہوارۂ حسن و لطافت ہو — کبھی انسان اپنی گم شدہ جنت کو پھر پا لے

**سوالات:**

i. ستارے کس انداز میں داستان سناتے ہیں؟

ii. "فکر ہستی" کو بھولنے کا کیا مطلب ہے؟

iii. خاک داں گہوارہ حسن لطافت کی وضاحت کیجیے۔ **یا** جنت کو پھر پانے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

**یا**

شامِ کا سورج خود اپنے ہی لہو کی دھاریوں میں ڈوب کر دیکھتا ہے بجھتی آنکھوں سے سوادِ شہر کے سونے کھنڈر
اس کو لے جائے گی پل بھر میں فنا کے گھاٹ پر رات کے بحر بسیہ کی موج ہے گرمِ سفر
دیکھتی آنکھوں اُفق کے سرد ساحل پر اندھیرا چھائے گا ڈوبتا سورج ابھی بھولے دنوں کی داستاں بن جائے گا

**سوالات:**

i. گرمِ سفر کون ہے؟

ii. کون داستان بن جائے گا؟

iii. سورج کیا دیکھتا ہے؟ **یا** فنا کے گھاٹ سے کیا مراد ہے؟

(ج) **حصہ غزل:**

**درج ذیل اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں:** **(2x3=6)**

i. دل میں پھر اِک کسک سی اُٹھی مدتوں کے بعد اِک عمر کے رُکے ہوئے آنسو نکل پڑے

ii. وقت کی ڈور خدا جانے کہاں سے ٹوٹے کس گھڑی سر پہ یہ لٹکی ہوئی تلوار گرے

iii. کیسی ویراں ہے گزر گاہِ خیال جب سے وہ عارض ولب یاد نہیں

**سوالات:**

i. رکے ہوئے آنسو کیوں نکل پڑے؟

ii. "لٹکتی ہوئی تلوار" کی وضاحت کیجیے **یا** تیسرے شعر کا مرکزی خیال لکھیے۔

(د) **حصہ قواعد:**

**درج ذیل سوالوں کے جوابات لکھیں:** **(2 x3=6)**

i. درج ذیل جملوں میں مناسب مقامات پر رموز او قاف لگائیں:

1۔ بہادر نوجوانو اپنے فرائض کب پہچانو گے 2۔ گلگت سے سکردو تک کا جو سارا پہاڑی علاقہ ہے دشوار گزار ہے

3۔ قائد اعظم نے فرمایا کام کام اور صرف کام 4۔ جھیل سیف الملوک تک کا جو سارا پہاڑی علاقہ ہے سفر آسان نہیں

ii. درج ذیل اشعار میں استعمال ہونے والی صنعتیں تلاش کریں:

ا۔ نہ پوچھ ان خرقہ پوشوں کی، ارادت ہو تو دیکھ ان کو ید بیضا لیے بیٹھے ہیں اپنی آستینوں میں

۲۔ رشتہ مکر وریا توڑ بھی دیں، توڑ بھی دیں کاسئہ حرص وہوا پھوڑ بھی دیں، پھوڑ بھی دیں

۳۔ بے جاں وجاندار کی بنیاد ایک ارض وسما کی علت ایجاد ایک ہے

**یا**

شعر میں صنعت اعداد کی نشاندہی کیجیے:

آ کے پتھر تو مرے صحن میں دو چار گرے جتنے اُس پیڑ کے پھل تھے پس دیوار گرے

## حصہ سوم (کل نمبر 44)

سوال نمبر 3: درج ذیل میں سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کریں: (6)

ماسٹر صاحب نے ایک رات جوں توں کر کے ٹرانسفامر کے نیچے گزاری اور اگلے دن شیخ کریم نواز کی حویلی پہنچ کر اس سے دو سو روپے اُدھار کے طلب گار ہوئے۔ شیخ صاحب نے ماسٹر صاحب کو نیک دل، سادہ لوح اور مرنجاں مرنج سمجھ کر ٹرخا دیا کیونکہ ایسے احمق لوگوں کو زیادہ رقم دینا اچھا نہیں ہوتا

پھر وہ اسماعیل بزاز کی دُکان پر گئے اور رقم میں کمی کر کے ڈیڑھ سو کا سوال کر ڈالا۔ اس نے بھی معذرت کر لی محلے کا کوئی نائی حلوائی قصائی، ڈاکٹر وید، وکیل ماسٹر صاحب نے نہیں چھوڑا لیکن ہر طرف مایوسی کا سامنا کرنا پڑا کیونکہ ان لوگوں کو شدید مہنگائی نے گھیر رکھا تھا اور ان کے پاس اُدھار دینے کو کچھ بھی باقی نہ تھا۔

**یا**

ایک زمانہ تھا جب مشاعروں کے لیے خالص طرحی غزلیں لکھی جاتی تھیں، ہفتوں پہلے اُستاد اپنے شاگردوں کو نکتے سمجھاتے تھے، ان کی زبان صاف کرتے تھے ان کے انداز نکھارتے تھے پھر جب مشاعرے میں آمنے سامنے یہ غزلیں پڑھی جاتی تھیں تو نکتہ وری بے طلب داد دیتی تھی اور فن کاری حوصلہ پا کر نئی بلندیوں تحریک یا تقریب کے محتاج نہیں ہوتے تھے اور نہ کسی آمدنی کا ذریعہ بنتے تھے۔ ان میں وہی لوگ شرکت کرتے تھے جنھیں ذوقِ سخن وہاں کشاں کشاں لے جاتا تھا، قہقہوں، چیخوں اور بدتمیزی کے دیگر مظاہر کو یہاں مطلق دخل نہ تھا۔ مشق شعرا ڈرتے ڈرتے شعر پڑھتے اور پختہ کار استاد مصرع اُٹھاتے اُٹھاتے اصلاح دے جاتے۔

سوال نمبر4: درج ذیل میں سے کسی ایک نظمیہ جزو کی آسان لفظوں میں تشریح کریں۔ (6)

مگر اُونچے ارادے ہیں تو کیا، اُونچے ارادوں کو سمجھنے کا نہیں احساس حاصل سیدھے سادوں کو
جہاں میں سیدھے سادھے آدمی کثرت سے بستے ہیں ہے محدود اُن کی ہمت اور محدود اُن کے رستے ہیں
تمدن اور تہذیبوں نے پھندا اُن پہ ڈالا ہے وہ کہتے ہیں کہ ہونا ہے وہی جو ہونے والا ہے

**یا**

بے جان و جاندار کی بنیاد ایک ہے ارض و سما کی علتِ ایجاد ایک ہے
بُت سینکڑوں ہیں حُسنِ خداداد ایک ہے سب دل الگ الگ ہیں مگر یاد ایک ہے
یکساں ہے مال، گو ہیں دکانیں جُدا جُدا معنی ہیں سب کے ایک زبانیں جُدا جُدا

سوال نمبر5: درج ذیل میں سے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کیجیے: (3+3+3=9)

خاک ہیں اب تیری گلیوں کی وہ عزت والے جو ترے شہر کا پانی نہ پیا کرتے تھے
اب تو انسان کی عظمت بھی کوئی چیز نہیں لوگ پتھر کو خدا مان لیا کرتے تھے
دوستو! اب مجھے گردن زدنی کہتے ہو تم وہی ہو کہ میرے زخم سیا کرتے تھے

**یا**

شور برپا ہے خانہءِ دل میں کوئی دیوار سی گری ہے ابھی
بھری دنیا میں جی نہیں لگتا جانے کس چیز کی کمی ہے ابھی
تو شریک سخن نہیں ہے تو کیا ہم سخن تیری خامشی ہے ابھی

سوال نمبر6: اپنے علاقے کے ہیلتھ آفیسر کے نام صحت و صفائی کے ناقص انتظامات اور متعلقہ مسائل کے حوالے سے درخواست تحریر کریں۔

**یا**

ایک پرانے کوٹ کی آپ بیتی لکھیں (8)

سوال نمبر7: کسی ایک عنوان پر پانچ سو سے چھ سو الفاظ پر مشتمل مضمون تحریر کریں۔ (15)

الف: جوشِ کردار سے کھل جاتے ہیں تقدیر کے راز ب: میری پسندیدہ کتاب
ج: سائنس کا ارتقاء د: ہماری سماجی برائیاں اور سدِباب

* * * * *

## اردو(لازمی)برائے بارھویں جماعت

سوالات کا حاصلاتِ تعلّم کے ساتھ تعلق

(کریکلم2006ء)

حصہ اوّل(20نمبر)

**سوال نمبر1:**

| جزو نمبر | مہارت | حاصلاتِ تعلّم |
|---|---|---|
| (1) | استحسان اور تنقید | 3۔کسی فن پارے میں علم بیان یعنی تشبیہ،استعارے،مجاز مرسل،کنایہ وغیرہ کی شناخت کر سکے۔ |
| (2) | مہارتِ حیات | 1۔روزمرہ زندگی میں زبان کو ابلاغ کے لیے استعمال کر سکے۔اور ادبی مطالعے کو روزمرہ زندگی سے ہم آہنگ کر سکے۔ |
| (3) | زبان شناسی | 9۔تکنیکی قواعد زبان کا ادراک کر سکے اور لسانی انتخاب لفظی کے قواعد سمجھ سکے۔ |
| (4) | زبان شناسی | 3۔اشعار میں بیان،صنائع بدائع کے لحاظ سے مثالیں تلاش کر سکے۔ |
| (5) | زبان شناسی | 2۔افعال کے حوالے سے متعلق فعل کو عبارت سے تلاش کر سکے۔ |
| (6) | زبان شناسی | بنیادی اسالیب بیان سے آگاہ ہو سکے |
| (7) | استحسان اور تنقید | 3۔کسی فن پارے میں علم بیان یعنی تشبیہ،استعارے،مجاز مرسل،کنایہ وغیرہ کی شناخت کر سکے۔ |
| (8) | زبان شناسی | 7۔معنی کے لحاظ سے لغوی اور قراداد اصطلاحی میں امتیاز کر سکے۔ |
| (9) | استحسان اور تنقید | 7۔کسی ادب پارے کے بارے میں اصولی انتقادی رائے دے سکے۔اس کے حسن و قبح کا اندازہ کر سکے اور ادبی درجہ بندی کر سکے۔ |
| (10) | زبان شناسی | 3۔اشعار میں بیان صنائع بدائع کے لحاظ سے مثالیں تلاش کر سکے۔ |
| (11) | زبان شناسی | 5۔مرکب جملوں کا درست استعمال کر سکے۔ |
| (12) | استحسان اور تنقید | 3۔کسی فن پارے میں علم بیان یعنی تشبیہ،استعارے،مجاز مرسل،کنایہ وغیرہ کی شناخت کر سکے۔ |
| (13) | زبان شناسی | 3۔اشعار میں بیان،صنائع بدائع کے لحاظ سے مثالیں تلاش کر سکے۔ |
| (14) | استحسان اور تنقید | 1۔کسی ادبی یا علمی تحریر میں فنی و فکری تجزیہ کر کے اپنی رائے دے سکے اور مطلوبہ صنف میں اس کے مقام کا اصولی تعین کر سکے۔ |
| (15) | زبان شناسی | 7۔معنی کے لحاظ سے لغوی اور قراداد اصطلاحی میں امتیاز کر سکے۔ |
| (16) | استحسان اور تنقید | 3۔کسی فن پارے میں علم بیان یعنی تشبیہ،استعارے،مجاز مرسل،کنایہ وغیرہ کی شناخت کر سکے۔ |
| (17) | مہارتِ حیات | 1۔روزمرہ زندگی میں زبان کو ابلاغ کے لیے استعمال کر سکے۔ |
| (18) | زبان شناسی | 8۔خاص علوم اور پیشوں کی اصطلاحی لغات کا استعمال سیکھ سکے۔ |
| (19) | زبان شناسی | 9۔تکنیکی قواعد زبان کا ادراک کر سکے اور لسانی انتخاب لفظی کے قواعد سمجھ سکے۔ |
| (20) | استحسان اور تنقید | 2۔شاعری میں ہئیت کے لحاظ سے مطلع،مقطع،قافیہ،ردیف،وزن،سادہ بحر کی شناخت کر سکے۔ |

## حصہ دوم(36نمبر)

| سوالنمبر | جزو نمبر | ذیلی جزو نمبر | مہارت | حاصلاتِ تعلّم |
|---|---|---|---|---|
| 2 | (الف) | .i | لکھنا | 6۔طویل متون کی تلخیص کر سکے،یا خلاصہ کے طور پر سوالوں کا جواب دے سکے۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | ii. | لکھنا | 6۔ طویل متون کی تلخیص کر سکے، یا خلاصہ کے طور پر سوالوں کا جواب دے سکے۔ |
| | | iii. | لکھنا | 6۔ طویل متون کی تلخیص کر سکے، یا خلاصہ کے طور پر سوالوں کا جواب دے سکے۔ |
| | | iv. | لکھنا | 6۔ طویل متون کی تلخیص کر سکے، یا خلاصہ کے طور پر سوالوں کا جواب دے سکے۔ |
| | | v. | لکھنا | 4۔ طویل متون کی تلخیص کر سکے، یا خلاصہ کے طور پر سوالوں کا جواب دے سکے۔ |
| | (ب) | i. | لکھنا | ادب پارے کا مرکزی خیال، بنیادی نکات، کرداروں، مناظر، تشریح اور استحسان کے ساتھ ساتھ تنقیدی اصولوں کے تحت لکھ سکے۔ دوسرے مقولات اور اشعار کا حوالہ دے سکے۔ |
| | | ii. | | |
| | | iii. | | |
| | (ج) | i. | استحسان اور تنقید | 1۔ کسی ادبی یا علمی تحریر میں فنی و فکری تجزیہ کر کے اپنی رائے دے سکے اور مطلوبہ صنف میں اس کے مقام کا اصولی یقین کر سکے۔ |
| | | ii. | استحسان اور تنقید | 1۔ کسی ادبی یا علمی تحریر میں فنی و فکری تجزیہ کر کے اپنی رائے دے سکے اور مطلوبہ صنف میں اس کے مقام کا اصولی یقین کر سکے۔ |
| | | | | **(یا)** |
| | | | | 5۔ ادب پارے کے مرکزی خیال، اہم نکات کا خلاصہ یا تشریح بیان کر سکے۔ |
| | (د) | i. | زبان شناسی | تکنیکی قواعد زبان کا ادراک کر سکے اور لسانی انتخاب لفظی کے قواعد سمجھ سکے۔ |
| | | ii. | زبان شناسی | 3۔ اشعار میں بیان، صنائع بدائع کے لحاظ سے مثالیں تلاش کر سکے۔ |

## حصہ سوم (44 نمبر)

| سوال نمبر | مہارت | حاصلاتِ تعلم |
|---|---|---|
| 3 | لکھنا | 1۔ ادب پارے کا مرکزی خیال، بنیادی نکات، مناظر، تشریح، استحسان کے ساتھ تنقیدی اصولوں کے ساتھ لکھ سکے دوسرے مقولات اور اشعار کا حوالہ دے سکے۔ |
| 4 | استحسان اور تنقید | 5۔ ادب پارے کا مرکزی خیال، اہم نکات کا خلاصہ یا تشریح بیان کر سکے۔ |
| 5 | لکھنا | 1۔ ادب پارے کا مرکزی خیال، بنیادی نکات، مناظر، تشریح، استحسان کے ساتھ تنقیدی اصولوں کے ساتھ لکھ سکے دوسرے مقولات اور اشعار کا حوالہ دے سکے۔ |
| 6 | لکھنا | 5۔ روزمرہ زندگی کے حوالے سے مفصل روداد، آنکھوں دیکھا حال، آپ بیتی تحریر کر سکے۔ |
| 7 | انشا پردازی | 1۔ کسی علمی، ادبی، صحافتی موضوع پر اپنے وسیع تر مطالعے کی روشنی میں ترتیب، استدلال اور عمدہ مثالوں کے ساتھ مترادفات، مقولوں، ادبی اشعار، جملات و محاورات کو استعمال کرتے ہوئے پانچ سو الفاظ سے زائد ضخامت کا مضمون تحریر کر سکے۔ |

# URDU COMPULSORY HSSC-II

Table of Specifications

| Assessment Objectives | تدریجی مقصود<br>لکھنا | تدریجی مقصود<br>انشاپردازی | تدریجی مقصود<br>زبان شناسی | تدریجی مقصود<br>استحسان اور تنقید | تدریجی مقصود<br>مہارتِ حیات | کل نمبر | فیصد |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سمجھنا<br>**Understanding Based** | 2الف(i)(3)، 2الف(iv)(3)، (3)، 2ب(iii)(3)، 3(3)، 6(4)، 5(4) | 7(9) | 1(5)(1)، 1(11)(1)، 1(18)(1) | 1(1)(1)، 1(7)(1)، 1(9)(1)، 1(12)(1)، 1(14)(1)، 1(16)(1)، 1(20)(1)<br>4(3)، 2ج(i)(3)، 2ج(ii)(3)، (3)، 2د(2) | 1(2)(1)، 1(17)(1) | 50 | 48.54% |
| یاد میں لانا<br>**Knowledge Based** | 2الف(ii)(3)، 2الف(iii)(3)، (3)، 2ب(i)(3)، 2ب(ii)(3)، (3)، 6(4) | | 1(3)(1)، 1(4)(1)، 1(6)(1)، 1(8)(1)، 1(10)(1)، 1(15)(1)، 1(19)(1)، 2د(ii)(3) | 2د(iii)(1) | | 29 | 28.2% |
| لاگو کرنا<br>**Application Based** | 2الف(v)(3)، 3(3)، 5(5) | 7(6) | 1(13)(1)، 2د(i)(3) | 4(3) | | 24 | 23.3% |
| **Total Marks** | 50 | 15 | 17 | 19 | 2 | 103 | 100% |

Key:

2الف(i)(2)

سوال نمبر جزو(جزو کا جزو)(کل نمبر)

Note: (i) The policy of FBISE for knowledge base questions, understanding based questions is approximately 30% knowledge based, 50% understanding based and 20% application based.

(ii) The total marks specified for each unit/content in the Table of Specification is only related to this model question paper.

(iii) The level of difficulty of the paper is approximately 40% easy, 40% moderate and 20% difficult.